D

81 -

1st A. Exam. 2024

SSC (Part – I)

(2023-25) & (2022-24) سیشن

Paper Code No. 5027

اُردو (لازمی)

پرچہ : I (معروضی) گروپ فرسٹ

وقت : 20 منٹ

نمبرات: 15

BWP-1-24

نوٹ : ہر سوال کے چار جوابات A، B، C، D دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں معروضی جوابی کاپی / ببل شیٹ پر اس سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1

(1) شبِ ہجرت مدینہ فاتح خیبر کے لیے قتل گاہ کیا تھا :
(A) فرشِ پُرخار (B) فرشِ گُل (C) فرشِ خاک (D) فرشِ خواب

(2) کس کی تصویر اوّل انعام کی مستحق قرار پائی تھی :
(A) تجلّی (B) اختر (C) نیازی (D) گُل جی

(3) " شیخ جن کی قرب و جوار کے مواضعات میں پُرسش ہوتی تھی"۔ اس میں " پُرسش" کا مطلب ہے :
(A) آؤ بھگت (B) بازپُرس (C) جواب دہی (D) مواخذہ

(4) " ایک دن معمولی دربار تھا۔ اُستاد بھی حاضر تھے۔ ایک مرشد زادے تشریف لائے"۔ یہاں " مرشد زادے" سے مراد ہے:
(A) پیر کا بیٹا (B) وزیر کا بیٹا (C) مشیر کا بیٹا (D) بادشاہ کا بیٹا

(5) وکالت کے امتحان میں کس مضمون کے لیے کسی کتاب کے پڑھنے کی ضرورت نہیں ہوتی :
(A) اصولِ جرح (B) اصولِ تعزیر (C) اصولِ قانون (D) اصولِ تعدیل

(6) شاملِ نصاب نظموں میں کس شاعر نے اپنی نظم میں " ٹیپ کا مصرع" استعمال کیا ہے :
(A) خواجہ الطاف حسین حالی (B) امیر مینائی (C) نظیر اکبر آبادی (D) علامہ محمد اقبال (علیہ الرحمۃ)

(7) کرنل محمد خاں کے دو ایکڑ پر محیط بنگلے کو شاہانہ طول و عرض کس نے بخشا تھا :
(A) قسامِ ازل نے (B) انجینئرز نے (C) ٹھیکیدار نے (D) پاک فوج نے

(8) بُلبُل کے گانے کی وجہ اُس کی کون سی غمگین زندگی ہے :
(A) مجلسی (B) خانگی (C) خلوتی (D) جلوتی

(9) " اُس کے لب پھول کی طرح نازک ہیں " اس میں " مشبّہ " ہے :
(A) نازکی (B) نازک (C) پھول (D) لب

(10) " باب " کی جمع ہے :
(A) ابواب (B) اباب (C) ابوب (D) بابا ب

(11) " تکلیف " کا مترادف ہے :
(A) تالیف (B) تحریف (C) دُکھ (D) شکھ

(12) " ریختے کے تمھی اُستاد نہیں ہو غالبؔ کہتے ہیں اگلے زمانے میں کوئی میرؔ بھی تھا " اس میں " ریختہ " کس زبان کا ابتدائی نام ہے :
(A) سنسکرت (B) اُردو (C) ہندی (D) ریختی

(13) " محنت " کی جمع ہے :
(A) امحان (B) اماحن (C) امحن (D) محن

(14) لفظ " بھنگی " کی مؤنث ہے :
(A) بھنگ (B) بھانگی (C) بھنگنی (D) بھنگن

(15) " شک " کا متضاد ہے :
(A) ایمان (B) یقین (C) مشکوک (D) شکوک

---------☆☆☆☆☆---------

ParhloPakistan.com

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر: BWP-1-24 | 81- 62000 | گروپ فرسٹ |
| اُردو لازمی (انشائیہ) | 1st A. Exam. 2024 | سیشن (2022-24) & (2023-25) |
| وقت : 2 : 10 گھنٹے | SSC (Part – I) | کل نمبر : 60 |

﴿ہدایات﴾ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کیجیے۔☆

**حصہ اول**

**حصہ نظم** 10=2x5

سوال نمبر 2 درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے)

(الف) ہر جا بچھا رہا ہے سبزہ ہرے بچھونے — قدرت کے بچھ رہے ہیں ہر جا ہرے بچھونے

(ب) تری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر — یہی میری حُرمت ، یہی آبرو ہے

(ج) گو سب سے مقدم ہے حق تیرا ادا کرنا — بندے سے مگر ہو گا حق کیسے ادا تیرا

(د) شاخِ بُریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تو — نا آشنا ہے قاعدۂ روزگار سے

**حصہ غزل**

(الف) ہاں بھلا کر ترا بھلا ہو گا — اور درویش کی صدا کیا ہے؟

(ب) مزا غم کے کھانے کا جس کو پڑا — وہ اشکوں سے ہاتھ اپنا دھویا کیا

(ج) آتشِ غم میں دل بھنا شاید — دیر سے بو کباب کی سی ہے

**حصہ دوم**

سوال نمبر 3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔ 10=5+5

(الف) اس صورت میں ان کا خون تمام قبائل میں بٹ جائے گا اور آلِ ہاشم اکیلے تمام قبائل کا مقابلہ نہ کر سکیں گے۔ اس اخیر رائے پر اتفاق ہو گیا اور جھٹ پٹے سے آکر رسول اللہ (خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم) کے آستانہ مبارک کا محاصرہ کر لیا۔ اہلِ عرب زنانہ مکان کے اندر گُھسنا معیوب سمجھتے تھے۔

(ب) میرے سینے میں ایک بھی شرارہ باقی نہیں رہا۔ یہ احساس میرے لیے سوہانِ روح ثابت ہو رہا تھا کہ اپنے جگر کا خون دے دے کر میں نے فن کی جس شمع کو اب تک روشن رکھا ہے، اس کا مقصد آپ کی شاندار کو ٹھی اور آپ کی شخصیت کو جگمگانے کے علاوہ اور کچھ بھی نہیں۔ ایک فنکار یہ کبھی برداشت نہیں کر سکتا کہ اس کا فن اپنا اصلی جوہر کھو کر کسی کے لیے محض ایک ذریعۂ شہرت بن کر رہ جائے۔

سوال نمبر 4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10=2x5

(i) سیرت النبی (ﷺ) کس کی تصنیف ہے؟
(ii) چھوٹے چودھری نے لاء کالج میں داخلے کے لیے رقم کہاں سے حاصل کی؟
(iii) کوّا کس کے قریب نہیں پھٹکتا؟
(iv) الّلو کے والد کا اُستاد کے بارے میں کیا مقولہ تھا؟
(v) جب اُستاد ذوق نے سوداؔ کو میرؔ پر ترجیح دی تو مرزا نے کیا کہا؟
(vi) "سبزوں کی لہلہاہٹ، کچھ ابر کی سیاہی" اسمیں کونسا لفظ بطورِ ردیف استعمال ہوا ہے؟
(vii) جیبِ گُل کس چیز سے خالی ہے؟
(viii) شاعر کس لیے دو گز زمین چاہتا ہے؟

سوال نمبر 5 کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (الف) مرزا غالبؔ کے عادات و خصائل (ب) آرام و سکون (5)

سوال نمبر 6 نصاب میں شامل نظم "پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ" کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5=1+4

سوال نمبر 7 **ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ** کے نام فیس معافی کے لیے درخواست لکھیے۔ (10)

**یا**

**مالک مکان** کے نام خط لکھیے جس میں اُسے مکان کی مرمت کی طرف توجہ دلائیے۔

سوال نمبر 8 "**سچ کی برکت**" کے عنوان پر ایک کہانی تحریر کریں۔ (5)

**یا**

"**دوکاندار اور خریدار**" کے درمیان ہونے والا مکالمہ تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 9 درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ (5)

(i) وہ دن بدن کمزور ہو رہا ہے۔
(ii) مجھے اس دوائی سے آرام ہے۔
(iii) ناہید یہ سن کر ہکی بکی رہ گئی۔
(iv) نوید چھت کے اوپر کھیل رہا ہے۔
(v) مرض بڑھتی گئی جوں جوں دوا کی۔

**یا**

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) گُڑ سے جو مرے تو ـــــ کیوں دوں۔
(ii) فقیر کی صورت ـــــ ہے۔
(iii) غریب کی جورو سب کی ـــــ
(iv) طویلے کی بلا ـــــ کے سر۔
(v) ڈوبتے کو ـــــ کا سہارا۔

ParhloPakistan.com